UR



# "میں نے پناہ گزیں کے لیے یورپی اتحاد (EU) میں درخواست کی ہے - میرا دعوی کونسا ملک دیکھے گا؟"

A

ضابطہ (EU) نمبر 604/2013 (REGULATION (EU) No) کی دفعہ 4 (ARTICLE) کی تعمیل
میں درخواست برائے بین الاقوامی تحفظ کے ضابطۂ ڈبلن (DUBLIN REGULATION)
سے متعلق معلومات

آپ نے ہم سے تحفظ مانگا ہے کیونکہ آپ سمجھتے ہیں کہ ظلم، جنگ یا سنگین ضرر کے خطرے کی وجہ سے آپ اپنا ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ قانوناً اسے 'درخواست برائے بین الاقوامی تحفظ' کہا جاتا ہے اور آپ – 'درخواست دہندہ' ہیں۔ تحفظ طلب کرنے والے لوگوں کو اکثر 'طالبین پناہ' کہا جاتا ہے۔

**یہ حقیقت کہ آپ نے یہاں پناہ طلب کی ہے اس کی ضمانت نہیں ہے کہ ہم آپ کی درخواست کی جانچ یہاں کریں گے۔ آپ کی درخواست کی جانچ کرنے والے ملک کا تعین ایک کارروائی کے ذریعے کیا جائے گا جو ضابطۂ 'ڈبلن' ('Dublin' Regulation) کہلانے والے یورپی وفاق کے قانون کے تحت مقرر کی گئی ہے۔ اس قانون کے مطابق صرف ایک ملک آپ کی درخواست کی جانچ کے لیے ذمہ دار ہے۔**


اس قانون کا اطلاق ایک پورے جغرافیائی خطے پر ہوتا ہے جس میں 32 ممالک شامل ہیں۔ اس پرچۂ معلومات کے مقصد سے ہم ان 32ممالک کو 'ڈبلن ممالک' ('Dublin countries')کہہ رہے ہیں۔

**اگر اس پرچۂ معلومات میں کوئی ایسی بات ہو جو آپ نہ سمجھتے ہوں تو براہ کرم ہمارے ذمہ داران سے پوچھیں۔**

اس سے پہلے کہ پناہ کے لیے آپ کی درخواست پر غور کیا جا سکے ہمیں یہ طے کرنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم اس کی جانچ کرنے کے ذمہ دار ہیں یا کوئی اور ملک ذمہ دار ہے – اسے ہم 'ڈبلن طریقۂ کار' کہتے ہیں۔ ڈبلن طریقۂ کار کا کوئی سروکار پناہ کے لیے آپ کی درخواست کے سبب سے نہیں ہوگا۔ اس کا تعلق صرف اس سوال سے ہوگا کہ آپ کی درخواست برائے پناہ کا فیصلہ کرنے کے لیے کون سا ملک ذمہ دار ہے۔

**موجودہ پرچۂ معلومات صرف معلومات کے مقاصد سے ہے۔ اس کا مقصد درخراست دہندگان کو ڈبلن طریقۂ کار کے بارے میں متعلق معلومات کےہمراہ بین الاقوامی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ یہ اپنے آپ میں حقوق یا قانونی فرائض تخلیق/عائد نہیں کرتا۔ ڈبلن طریقۂ کار(Dublin procedure) کے تحت ریاستوں اور افراد کے حقوق اور فرائض وہی ہیں جو ضابطہ 604/2013 (EU) میں درج ہیں۔**

**© یورپی اتحاد (European Union) 2014**
**نقل کرنے کی اجازت ہے۔ انفرادی تصویروں کے استعمال یا نقل کے لیے حقِ اشاعت کے مالکان سے براہِ راست اجازت طلب کرنی لازمی ہے۔**




ڈبلن ممالک میں یورپی اتحاد کے 82 ممالک (آسٹریا (AT)، بیلجیئم (BE)، بلغاریہ (BG)، کروشیا (HR)، قبرص (CY)، چیک جمہوریہ (CZ)، ڈنمارک (DK)، اسٹونیا (EE)، فن لینڈ (FI)، فرانس (FR)، جرمنی (DE)، یونان (EL)، ہنگری (HU)، آئرلینڈ (IE)، اٹلی(IT)، لیٹویا (LV)، لتھوانیا (LT)، لگزمبرگ (LX)، مالٹا (MT)، نیدرلینڈز (NL)، پولینڈ (PL)، پرتگال(PT)، رومانیا(RO)، سلوواکیا (SK)، سلوینیا (SI)، اسپین (ES)، سویڈن (SE)، مملکت متحدہ (UK)) اور ان کے علاوہ ضابطۂ ڈبلن سے "وابستہ" چار ممالک (ناروے (NO)، آئس لینڈ (IS)، سوئٹزر لینڈ(CH) اور لیخٹنسٹین(LI)) شامل ہیں۔

## ”یہ طے کرنے میں کتنا وقت لگے گا کہ کون سا ملک میری درخواست پر غور کرے گا؟“

## ”میری درخواست کی جانچ کیے جانے سے پہلے کتنا وقت لگے گا؟“

اگر ہمارے ذمہ داران یہ طے کرتے ہیں کہ ہم آپ کی درخواست برائے پناہ کا فیصلہ کرنے کے ذمہ دار ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس ملک میں رہ سکتے ہیں اور اپنی درخواست کی جانچ یہاں کروا سکتے ہیں۔ تب آپ کی درخواست کی جانچ کی کارروائی فوراً شروع ہو جائے گی۔

اگر ہم یہ طے کریں کہ کوئی اور ملک آپ کی درخواست کی جانچ کے لیے ذمہ دار ہے تو ہم آپ کو جلد از جلد اس ملک میں بھیجنے کی کوشش کریں گے تاکہ آپ کی درخواست پر وہاں غور ہو سکے۔ ڈبلن طریقۂ کار کی کل مدت اس ملک میں آپ کو منتقل کیے جانے تک **عام حالات میں11 ماہ تک کی ہو سکتی ہے۔** پھر آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ اس ذمہ دار ملک میں کی جائے گی۔ اگر آپ ذمہ داران سے چھپتے ہیں، آپ کو قید ہو جاتی ہے یا آپ کو حراست میں لے لیا جاتا ہے یا آپ منتقلی کے فیصلے کے خلاف اپیل کرتے ہیں تو وقت کی یہ مدت مختلف ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کو ان میں سے کوئی حالت درپیش ہو تو آپ کو مخصوص معلومات دی جائیں گی جن میں آپ کو یہ بتایا جائے گا کہ وقت کی کس مدت کا اطلاق آپ پر ہوتا ہے۔ اگر آپ کو حراست میں لیا جاتا ہے تو آپ کو حراست کے اسباب اور آپ کو دستیاب قانونی چارہ جوئیوں کے بارے میں مطلع کیا جائے گا۔



©European Union

## ”میری درخواست کے لیے ذمہ دار ملک کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟“



©iStockphoto / Joe Gough

قانون میں اس کے کئی اسباب درج ہیں کہ کوئی ملک آپ کی درخواست کی جانچ کا ذمہ دار کیوں ہو سکتا ہے۔ ان اسباب کی اہمیت کی ترتیب کے اعتبار سے قانون ان پر غور کرتا ہے جن کا آغاز اس سے ہوتا ہے کہ کیا اس ڈبلن ملک میں آپ کے خاندان کا کوئی فرد موجود ہے، کیا آپ کو اب یا ماضی میں کسی ڈبلن ملک نے ویزا یا اقامتی اجازت نامہ جاری کیا تھا یا کیا آپ نے قانونی طور پر یا بے ضابطہ طور پر کسی ڈبلن ملک کا یا اس سے گزرتے ہوئے سفر کیا ہے۔

**اگر کسی دوسرے ڈبلن ملک میں آپ کے خاندان کا کوئی فرد ہے تو اس کی جلد از جلد اطلاع دینا آپ کے لیے ضروری ہے۔** اگر آپ کے شوہر، بیوی یا بچے نے پناہ کے لیے درخواست دی ہے یا اسے کسی دوسرے ڈبلن ملک مین بین الاقوامی پناہ منظور کی گئی ہے تو وہ ملک آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ کا ذمہ دار ہو سکتا ہے۔

اگر ضابطۂ ڈبلن میں تحریر معیار کے تحت اس طرح کی جانچ ہماری ذمہ داری نہ ہو تو بھی ہم آپ کی درخواست کی جانچ کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ کسی ملک میں آپ کے انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے تو ہم آپ کو وہاں نہیں بھیجیں گے۔

## ” اگر میں کسی دوسرے ملک میں نہیں جانا چاہتا تو کیا ہوگا؟“

آپ کے لیے یہ کہنے کا امکان ہے کہ آپ دوسرے ڈبلن ملک میں بھیجے جانے سے اتفاق نہیں کرتے اور آپ کسی عدالت یا ٹرائیبونل کے سامنے اس فیصلے پر اعتراض کر سکتے ہیں۔ آپ اپنی اپیل یا جائزے کا فیصلہ ہونے تک اس ملک میں رہنے کی درخواست بھی کر سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی درخواست برائے پناہ سے دست بردار ہو کر اور کسی دیگر ڈبلن ملک میں جاتے ہیں تو آپ کے اس ملک یا ذمہ دار ملک میں دوبارہ منتقل کر دیے جانے کا امکان ہے۔

**اس لیے یہ ضروری ہے کہ جب آپ پناہ کے لیے درخواست دے دیں تو آپ اس وقت تک یہاں رہیں جب تک ہم یہ فیصلہ نہ کر دیں کہ آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ کا ذمہ دار کون ہے اور /یا آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ اس ملک میں کرنا۔**

**براہ کرم اس سے آگاہ رہیں کہ اگر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اس کا امکان ہے کہ آپ بھاگ جائیں گے یا ہم سے چھپ جائیں گے کیونکہ آپ نہیں چاہتے کہ ہم آپ کو دوسرے ملک میں بھیجیں تو آپ کو حراست (کسی بند مرکز میں رکھا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوا تو آپ کو قانونی نمائندگی کا حق ہوگا اور ہم آپ کو آپ کے دیگر حقوق سے بھی مطلع کریں گے جن میں آپ کی حراست کے خلاف اپیل کا حق بھی شامل ہے۔**


©iStockphoto / janp013

## "مجھ سے اپنے نشان انگشت دینے کے لیے کیوں کہا جا رہا ہے؟"

جب آپ درخواست برائے پناہ داخل کرتے ہیں تو اگر آپ کی عمر 14 سال یا اس سے زیادہ ہے تو آپ کے نشان انگشت لے کر 'یوروڈیک' ('Eurodac') کہلانے والے نشان انگشت ذخیرۂ معلومات کو ارسال کیا جائے گا۔ **آپ کو اس طریقۂ کار میں لازماً تعاون کرنا چاہیے - نشان انگشت دینا آپ کے لیے قانوناً لازمی ہے۔**

اگر آپ کا نشان انگشت اچھے معیار کا نہیں ہے جس میں یہ بات بھی شامل ہے کہ آپ نے جان بوجھ کر اپنی انگلیوں کو نقصان پہنچا لیا ہے تو آئندہ نشان انگشت دوبارہ لیا جائے گا۔

یوروڈیک میں آپ کے نشان انگشت کی جانچ یہ دیکھنے کے لیے ہوگی کہ کیا آپ نے پہلے کبھی پناہ کے لیے درخواست دی ہے یا یہ دیکھنے کے لیے کہ کیا اس سے پہلے کسی سرحد پر آپ کی انگلیوں کے نشانات لیے گئے۔ اس سے یہ طے کرنے میں مدد ملتی ہے کہ کون سا ڈبلن ملک آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ کا ذمہ دار ہے۔

آپ کے نشان انگشت کی جانچ ویزا انفارمیشن سسٹم (VIS) کے مقابل بھی کی جا سکتی ہے جو شینگین (Schengen) علاقے کے اندر منظور کیے گئے ویزوں سے

متعلق معلومات رکھنے والا ذخیرۂ معلومات ہے۔ اگر آپ کے پاس کسی دوسرے ڈبلن ملک کا موجودہ یا سابقہ ویزا ہے تو آپ کو آپ کی درخواست برائے بین الاقوامی تحفظ پر غور کرنے کے لیے وہاں بھیجا جا سکتا ہے۔

چونکہ آپ نے درخواست برائے پناہ داخل کی ہے آپ کے نشان انگشت کی تفصیلات یوروڈیک کے ذریعے 10سال تک محفوظ رکھی جائیں گی– 10سال کی بعد وہ خود بخود یوروڈیک سے مٹا دی جائیں گی۔ اگر آپ کی درخواست برائے پناہ منظور ہو جاتی ہے تو آپ کے نشان انگشت خود کار طور پر مٹنے تک ذخیرۂ معلومات میں موجود رہیں گے۔ اگر آپ کسی ڈبلن ملک کے شہری ہو جاتے ہیں تو اس وقت آپ کے نشان انگشت مٹا دیے جائیں گے۔ آپ کے نشان انگشت اور آپ کی جنس کو یوروڈیک میں محفوظ رکھا جائے گا – آپ کا نام، تصویر، تاریخ پیدائش اور قومیت یوروڈیک ذخیرۂ معلومات کو ارسال نہیں کیے جاتے بلکہ انہیں ایک قومی ذخیرۂ معلومات میں محفوظ کیا جا سکتا ہے۔

آئندہ آپ کبھی بھی اپنے متعلق وہ معلومات ہم سے طلب کر سکتے ہیں جو ہم نے یوروڈیک میں درج کی ہے۔ اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ معلومات غیر درست ہیں یا انہیں محفوظ نہیں کیا جانا چاہیے تو آپ انہیں درست کیے جانے یا مٹائے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ **اس ملک میں آپ کی معلومات کا انتظام دیکھنے (نگرانی کرنے) کے ذمہ داران اور تحفظ معلومات کی نگرانی کے ذمہ داران کے بارے میں متعلقہ معلومات صفحہ 11 پر دیکھی جا سکتی ہیں۔**

یوروڈیک(Eurodac)کو یورپی اتحاد کی ایک ایجنسی چلاتی ہے جسے ASIL-ueکہتے ہیں۔ آپ کی معلومات صرف انہی مقاصد کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے جن کی وضاحت قانون نے کی ہے۔ صرف یوروڈیک سنٹرل سسٹم (Eurodac Central System) آپ کی معلومات وصول کرے گا۔ اگر آئندہ آپ کسی ڈبلن ملک میں پناہ حاصل کرنے کی درخواست دیتے ہیں تو آپ کے نشان انگشت اس ملک کو تصدیق کے لیے ارسال کیے جائیں گے۔ یوروڈیک میں محفوظ معلومات کا علم ڈبلن ممالک سے باہر کسی دوسرے ملک یا تنظیم کو نہیں ہو پائے گا۔

20 جولائی 2015سے آپ کے نشان انگشت کی تلاشی پولیس اور یورپی پولیس آفس (یوروپول) (Europol)جیسے مقتدرات لے سکتے ہیں۔ جو سنگین جرائم اور دہشت گردی کے سراغ اور جانچ کے مقصد سے یوروڈیک ذخیرۂ معلومات تک رسائی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

# ”میری درخواست برائے پناہ کے ذمہ دار ملک کا فیصلہ ہونے کی مدت کے دوران میرے کیا حقوق ہوں گے؟“

اگر ہم آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ کے ذمہ دار ہوں گے تو آپ اس ملک میں رہنے کا حق رکھتے ہیں یا اگر دوسرا ملک اس کا ذمہ دار ہو تو اس ملک میں آپ کے منتقل ہونے تک۔ اگر یہ ملک آپ کی درخواست برائے پناہ کی جانچ کا ذمہ دار ہے تو آپ اپنی درخواست پر کم از کم پہلے فیصلے تک یہاں رہنے کا حق رکھتے ہیں۔ آپ مادی فوائد کی سہولتوں کا بھی استحقاق رکھتے ہیں مثلاً رہائش، کھانا وغیرہ اور اس کے علاوہ بنیادی طبی نگہداشت اور ہنگامی طبی امداد۔ آپ کو اس کا موقع دیا جائے گا کہ آپ زبانی اور/ یا تحریری طور پر اپنے حالات اور ڈبلن ممالک کے علاقے میں اپنے افراد خاندان کی موجودگی سے متعلق معلومات ہمیں دیں اور ایسا کرتے وقت، آپ اپنی مادری زبان یا وہ زبان جو آپ اچھی طرح بولتے ہوں استعمال کر سکتے ہیں (یا ضرورت ہو تو اپنے ساتھ کوئی ترجمان لائیں)۔ آپ کو دوسرے ملک میں منتقل کیے جانے کے فیصلے کی نقل بھی دی جائے گی۔ آپ مزید معلومات کے لیے ہم سے رابطہ کرنے اور/ یا اس ملک میں اقوام متحدہ ہائی کمشنر برائے پناہ گزیں[United Nations High Commissioner for Refugees (UNHCR)] سے رابطہ کرنے کا استحقاق بھی رکھتے ہیں۔

**اگر ہم یہ سمجھتے ہیں کہ کوئی دوسرا ملک آپ کی درخواست کی جانچ کا ذمہ دار ہے تو اس طریقۂ کار کے بارے میں آپ کو مزید تفصیلی معلومات دی جائیں گی اور یہ کہ وہ آپ اور آپ کے حقوق پر کس طرح اثر انداز ہوتا ہے۔**



## رابطه جاتی معلومات :

مهاجرین کے لیے قومی ادارے کا پتہ اورشناخت کی تفصیل: آوروڈیک کنترولر:

**وزارت داخلہ کے ماتحت مہاجرین کا ادارہ**

L. Sapiegos str. 1, 10312 Vilnius

Tel: +370 5 271 7112

ایمیل: md.rastine@vrm.lt

http://www.migracija.lt

قومی دیکھ بھال کے ادارے کی رابطہ کی تفصیل:

**قومی ڈیٹا کی حفاظت کا ادارہ**

A. Juozapavičiaus str. 6, 09310 Vilnius

Tel: +370 5 271 2804, +370 5 279 1445

ایمیل: ada@ada.lt

https://www.ada.lt

اقوام متحدہ کے UNHCR پتہ اور شنا:

**مہاجرین کے لۓ اقوام متحدہ کے ہائ کمشنر کا لتھوانیا میں نمائندہ UNHCR**

A. Jakšto str. 12, 01105 Vilnius

Tel: +370 5 210 7416

ایمیل: kules@unhcr.org

http://www.unhcr.se/lt/home.html

مقامی (آے او امر) کی دفتر کے پتہ کی تفصیل:

**آی او امر ویلنیوس کا دفتر انٹرنشنل ارگنایزیشن مهاجرت کا:**

A. Jakšto str. 12, 01105 Vilnius

Tel: +370 5 261 0115

ایمیل: iomvilnius@iom.lt

http://www.iom.lt/

مهاجرین کے لئی مدد کی اداری کی تفصیل:

**لیتھوانین ریڈ کراس سوسائیتی**

A. Juozapavičiaus str. 10A, 09316 Vilnius

Tel: +370 5 212 7322, +370 686 30 050

ایمیل: info@redcross.lt

http://www.redcross.lt

**ویلنیوس کا آرکی ویسکیوپس کاریتاس**

Odminių str. 12, 01122 Vilnius

Tel: +370 5 261 1014

ایمیل: info@vilnius.caritas.lt

http://www.vilnius.caritas.lt

BZ-01-14-065-UR-C

doi:10.2847/18336
ISBN 978-92-9243-139-6

European Commission

EASO

MIGRACIJOS DEPARTAMENTAS

Publications Office